متحدہ قومی موومنٹ نے 12 مئی کو کراچی میں ہونے والے افسوسناک واقعات کے بارے میں تمام تر ٹھوس ثبوت وشواہد دنیا بھر کے عالمی رہنماؤں، منتخب نمائندوں بین الاقوامی اداروں اور انٹرنیشنل میڈیا کو روانہ کردیے ہیں

لندن۔۔۔30 مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ نے 12 مئی 2007ء کو کراچی میں ہونے والے افسوسناک واقعات کے بارے میں تمام تر ٹھوس ثبوت وشواہد دنیا بھر کے عالمی رہنماؤں، منتخب نمائندوں بین الاقوامی اداروں اور انٹرنیشنل میڈیا کو روانہ کردیے ہیں جن میں تصاویر، اہم حقائق اور وڈیو بھی شامل ہیں۔تفصیلات کے مطابق بھیجے جانے والے ثبوت وشواہد میں دیگر چیزوں کے علاوہ وڈیو فلم ''کڑوا سچ'' (Bitter Truth) بھی شامل ہے۔ان ثبوت وشواہد میں 12 مئی 2007ء کے واقعہ میں ملوث عناصر کی ٹھوس ثبوت وشواہد کے ساتھ نشاندہی کی گئی ہے۔متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے یہ تمام ثبوت وشواہد امریکہ، یورپ، آسٹریلیا اور ایشیاء کے تمام عالمی رہنماؤں، سربراہان مملکت، ارکان پارلیمنٹ، انسانی حقوق کے بین الاقوامی اداروں، مختلف این جی اوز اور انٹرنیشنل پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کو روانہ کئے گئے ہیں تاکہ 12 مئی کے سانحہ کے اصل حقائق دنیا کے سامنے لائے جائیں۔

تیل اور گھی کی قیمتوں میں اضافہ واپس لیا جائے، حق پرست اراکین قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔30، مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے گھی اور تیل کی قیمتوں میں اضافہ پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ عوام پہلے ہی معاشی مشکلات کا شکار ہیں ایسے موقع پر روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ عوام کیلئے مزید پریشانیوں اور معاشی مشکلات کا سبب بنے گا۔حق پرست ارکان پارلیمنٹ نے صدر جنرل پرویز مشرف اور وزیراعظم شوکت عزیز سے مطالبہ کیا کہ تیل اور گھی کی قیمتوں میں اضافہ فی الفور واپس لیا جائے اور عوام کو مزید پریشانی اور مشکلات کا شکار کرنے کے ریلیف فراہم کرنے کیلئے مثبت اقدامات کئے جائیں۔

معروف صحافی طاہر مرزا کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔30، مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے معروف صحافی اور انگریزی اخبار ڈان کے سابق ایڈیٹر طاہر مرزا کے انتقال گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔

☆☆☆☆☆